## سوال

(177)محلے سے صرف ایک آدمی کا اعتکاف کافی ہے ؟

## جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

رمضان المبارک میں اعتکاف اگر ایک ہی شخص محلے کا کرے تو کیا سب کی طرف سے کافی ہے ؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

حنفیہ کے نزدیک اعتکاف سنت کفایہ ہے، ان کے نزدیک تو ایک کا بیٹھنا سب سے کفایت کرتا ہے، مگر اس دعوے کی دلیل میرے ناقص علم میں نہیں، اس لیے اس کو عین سنت جانتا ہوں۔ آنحضرت ﷺ کی ساری بیویاں معہ آنحضرت ﷺ کے اعتکاف بیٹھتی تھیں۔ گو آپ ﷺ نے ان کو اٹھا دیا تھا۔ مگر اس کی وجہ کچھ اور تھی۔ (۲۳ ربیع الثانی ۳۸ھ) (فتاویٰ ثنائیہ جلد ۱ ص ۴۱۳)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

[فتاویٰ علمائے حدیث](#)

**جلد06ص458**